© rasailojaraid.com

مسلمان کو فکر و عمل کی دعوت دینے والے رہے ہیں، استاذ محترم حضرت مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ مختار رحمہ اللہ نے حضرت والد ماجدؒ کی وفات کے بعد ان کے بینات کے اداریے کے لیے لکھے گئے تمام مضامین کو ''بصائر و عبر'' کے عنوان سے دو ضخیم جلدوں میں جمع کر کے شائع کیا، بعد میں استاذ محترم حضرت مولانا محمد انور بدخشانی صاحب مدظلہ نے ''بصائر و عبر'' میں فتنوں سے متعلق ان تمام مضامین کو یکجا کر کے ''دور حاضر کے فتنے اور ان کا علاج'' کے نام سے طبع کر دیا، جسے ملک و بیرون ملک ہاتھوں ہاتھ لیا گیا، اب یہ مجموعہ مکتبہ بینات شائع کر رہا ہے۔''

فتنوں سے آگاہی اور اس دور کے مختلف فتنوں کی نشاندہی، ان کی روک تھام کے لیے تدابیر اور طریقے جو حضرت بنوریؒ نور اللہ مرقدہ نے اپنی دینی بصیرت، علمی فہم و فراست اور تجربات و مشاہدات کی روشنی میں اپنی تحریروں میں بیان فرمائے ہیں، عوام، طلبہ، اہل علم ہر ایک کو ان کا مطالعہ کرنا چاہیے، امت کے ایمان کی حفاظت اور اعمال کی اصلاح کے لیے حضرت کی یہ تحریریں نہایت مفید اور کارگر ثابت ہوں گی۔

کتاب کی فہرست میں عنوانات ''خطرناک ترین فتنہ'' اور ''اس دور کے فتنے'' مکرر لکھے گئے ہیں، آئندہ ایڈیشن میں ان کی اصلاح کر لی جائے، کتاب کی طباعت و اشاعت میں سلیقہ شعاری سے کام لیا گیا ہے۔

☆☆☆

**حضرت ابوسفیانؓ اور ان کی اہلیہؓ**، تالیف: مولانا محمد نافع صاحب، ناشر: دارالکتاب کتاب مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار لاہور، صفحات: ۱۴۴: قیمت: ۱۲۰ روپے

حضرت مولانا محمد نافع صاحب دامت برکاتہم العالیہ (محمدی شریف، ضلع جھنگ، پنجاب) کا شمار اس دور کے بلند پایہ محققین میں سے ہوتا ہے، دفاع صحابہؓ سے متعلق اس دور میں جو انہوں نے علمی فریضہ سرانجام دیا اس کی نظیر ملنا مشکل ہے، یہ کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس میں مشہور صحابی رسول حضرت ابوسفیان بن حربؓ، ان کی اہلیہ محترمہ ہند بنت عقبہؓ، نامور فرزند یزید بن سفیان اور صاحبزادی ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیانؓ کے حالات زندگی ذکر کیے گئے ہیں، اسلام میں ان حضرات کا مقام، دینی خدمات اور ملی کارنامے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت و غلامی، اشاعت اسلام کے لیے ان کی مساعی و کاوشیں اور ساتھ ساتھ تاریخی معلومات پر مبنی مخالفین کے بے سروپا اعتراضات کا مدلل جواب بھی دیا گیا ہے، پوری کتاب میں حوالہ جات کا اہتمام کیا گیا ہے یہ کتاب پہلے صرف حضرت ابوسفیانؓ اور ان کی اہلیہؓ کے تذکرے پر مشتمل تھی، بعد ازاں آپ کے بڑے صاحبزادے یزید بن



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ابی سفیانؓ اور دختر محترم ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ کے حالات کو بھی شامل کیا گیا، اس طرح اس کتاب میں ان چار شخصیات کی حیات و خدمات کو جمع کیا گیا ہے۔

انصاف پسند آدمی کے لئے کتاب کا مطالعہ حقائق تک، پہنچنے میں چراغ راہ ثابت ہوگا۔ کتاب کی طباعت واشاعت میں سلیقے اور معیار کا خیال رکھا گیا ہے۔

☆☆☆

مدنی معاشرہ، تالیف: مولانا یونس پالن پوری، ناشر: زمزم پبلشرز، اردو بازار کراچی، صفحات: ۲۸۶، قیمت درج نہیں:

یہ کتاب اسلامی معاشرت سے متعلق ہے جس میں زندگی گزارنے کا آسان اور مسنون طریقہ بیان کیا گیا ہے، مولانا محمد یونس پالن پوری مدظلہ نے سیرت وحدیث اور فقہ کی مختلف کتابوں سے دوران مطالعہ ان مضامین کا انتخاب کیا پھر ان کے فرزند جناب مفتی محمد حذیفہ نے ان کی ترتیب اور تخریج حدیث کا فریضہ سرانجام دیا، اسطرح یہ مضامین اب کتابی شکل میں "مدنی معاشرہ" کے نام سے منظر عام پر آئے ہیں۔

کتاب کا زیادہ تر حصہ حقوق العباد سے متعلق ہے، جیسا کہ مضامین کے عنوانات سے ظاہر ہوتا ہے، کتاب میں کھانے کے آداب، اولاد کی پرورش کا طریقہ، ازدواجی زندگی کے اصول وآداب، والدین کے ساتھ احساس وسلوک، لباس کے اسلامی احکام، طہارت ونظافت کے آداب، راستہ چلنے کا طریقہ، سفر کے آداب، رنج وغم میں شرعی ہدایا، تلاوت قرآن کا طریقہ، میزبانی کے آداب، مہمان کی ذمہ داریاں، حضرت معاذ بن جبلؓ کو آپ ﷺ کی دس نصیحتیں، نماز جنازہ کا مسنون طریقہ، حقوق العباد کے متعلق اسلامی معاشرے کی ہدایات، صغائر وکبائر کا بیان، سلام کی اہمیت اور شرعی احکام اور رمضان المبارک کے آداب ومسائل وغیرہ عنوانات شامل کئے گئے ہیں۔

اسلامی آداب معاشرت اور طرز زندگی کے حوالے سے یہ ایک عمدہ کاوش ہے، کتاب کو ہلکے ورق اور مضبوط جلد بندی کے ساتھ سلیقے سے شائع کیا گیا ہے۔

☆☆☆



© rasailojaraid.com